# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 06 APR 2026 Page No. 14


## ایسٹر محبت، امن، رواداری اور نئے آغاز کا درس دیتا ہے، سردار کھیتران

### بلوچستان کی حکومت اور عوام مسیحی برادری کی خوشیوں میں برابر کے شریک ہیں، پیغام

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر سردار عبد الرحمن کھیتران نے ایسٹر کے موقع پر مسیحی برادری کے نام اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ ایسٹر محبت، امن، رواداری اور نئے آغاز کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ خوشی کا تہوار نہ صرف مسیحی برادری بلکہ پوری انسانیت کے لیے امید، بھائی چارے اور یکجہتی کا پیغام لے کر آتا ہے۔ صوبائی وزیر نے اپنے پیغام میں کہا کہ حکومت اور عوام مسیحی برادری کی خوشیوں میں برابر کے شریک ہیں اور ان کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ایسٹر کے موقع پر بین المذاہب ہم آہنگی کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ معاشرے میں برداشت، احترام اور امن کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک پرامن اور متنوع معاشرہ ہے جہاں تمام مذاہب کے ماننے والوں کو برابر کے حقوق حاصل ہیں۔

## عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے، ضیا لانگو

### یارو واقعہ کے متاثرین کو انصاف دلانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو اتوار کو پشین گئے جہاں انہوں نے رشتے کے تنازعے پر قتل ہونے والے تین افراد کے لواحقین سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی اور احتجاجی کیمپ میں متاثرین سے ملاقات کی وزیر داخلہ نے واقعہ پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت اس کیس میں متاثرین کو انصاف دلانے اور ظالموں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے گی، ریاست ہمیشہ مظلوم کے ساتھ کھڑی ہے اور کھڑی رہے گی عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے جس سے نبرد آزما ہونے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں اس موقع پر مقامی افسران اور قبائلی عمائدین بھی موجود تھے۔

## عوام کا اعتماد ہماری سب سے بڑی طاقت ہے، لیاقت لہڑی

### پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کے حقوق کیلئے ہر فورم پر جدوجہد کی ہے، بات چیت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے کہا ہے کہ عوام کا اعتماد ہماری سب سے بڑی طاقت ہے اور اس اعتماد پر پورا اترنے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے جائیں گے، پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی جماعت ہے جس نے ہمیشہ عوام کے حقوق کیلئے ہر فورم پر جدوجہد کی ہے یہی وجہ ہے کہ پارٹی عوام کے دلوں میں بستی ہے یہ بات انہوں نے براہوئی ادبی سوسائٹی کے صدر افضل مراد، بی این پی عوامی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر ناشناس لہڑی، حاجی فیض لہڑی، محبوب لہڑی، ملک قادر لہڑی، بابو لہڑی، مقصود محمد حسنی، سعید سے بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر علاقائی ثقافت، ادبی ترقی اور نوجوانوں میں تعلیمی شعور اجاگر کرنے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران براہوئی ادبی سوسائٹی کے چیئرمین افضل مراد نے سوسائٹی کی جانب سے شائع شدہ ادبی اور تحقیقی کتابیں میر لیاقت علی لہڑی کو پیش کیں، جس پر انہوں نے علاقائی ادب اور ثقافت کے فروغ میں ادبی سوسائٹی کے کردار کو سراہا اور نوجوانوں کو علم و ادب کی طرف راغب کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

MASHRIQ QUETTA

## حکومت آئی ایم ایف پروگرام کے تحت سخت فیصلے کر رہی ہے، نسیم الرحمان ملاخیل

### پاکستان اس وقت مشکل مرحلے سے گزر رہا ہے، تاہم حکومت عوام کو ریلیف دینے کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھا رہی ہے' صوبائی مشیر ماحولیات

### عالمی سطح پر مشرق وسطیٰ کی کشیدگی اور تیل کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے سے پاکستان براہ راست متاثر ہو رہا ہے

### بلوچستان کے عوام مایوس نہ ہوں' حکومت و ریاستی ادارے ملکر پاکستان کو معاشی استحکام کی طرف لے جا رہے ہیں' اپیل

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت ایک مشکل معاشی مرحلے سے گزر رہا ہے جہاں بڑھتی ہوئی مہنگائی اور قیمتوں نے عام آدمی کی زندگی متاثر کی ہے، تاہم حکومت تمام حالات .......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کے باوجود عوام کو ریلیف دینے کیلئے سنجیدہ اور عملی اقدامات کر رہی ہے صوبائی مشیر نے کہا کہ عالمی سطح پر مشرق وسطیٰ کی کشیدگی اور تیل کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ پاکستان جیسے درآمدی معیشت رکھنے والے ملک پر براہ راست اثر انداز ہو رہا ہے، جس کے باعث پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ ناگزیر ہو چکا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان اپنی 85 سے 90 فیصد توانائی کی ضروریات بیرون ملک سے پوری کرتا ہے، اسی لئے عالمی حالات کا اثر عوام تک براہ راست پہنچتا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت نے مشکل معاشی فیصلے کرنے کے ساتھ ساتھ عوام کو ریلیف دینے کیلئے بھی ٹھوس اقدامات کیے ہیں، جن میں مخصوص سبسڈی پروگرامز، عوامی نقل و حمل میں سہولیات، اور غریب طبقے کے لئے مالی معاونت شامل ہیں

## ایسٹر رواداری اور بھائی چارے کا پیغام ہے، بخت محمد کاکڑ

### مسیحی برادری ملکی ترقی میں مثبت کردار ادا کر رہی ہے، صوبائی وزیر صحت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے ایسٹر کے موقع پر مسیحی برادری کو دلی مبارکباد، امن و محبت کے فروغ کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسٹر ہمیں رواداری، باہمی احترام اور بھائی چارے کی اقدار کو مضبوط بنانے کا درس دیتا ہے مسیحی برادری ملک و صوبے کی ترقی میں مثبت کردار ادا کر رہی ہے، ان کی خدمات قابل تحسین ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ایسٹر امید، نئی شروعات اور انسان دوستی کے پیغام کو عام کرنے کا موقع ہے، اس موقع پر کرسچین کمیونٹی ملک کی استحکام .......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردی کے خاتمے کیلئے دعا کریں بلوچستان حکومت نے ہمیشہ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل کیا ہے، پاکستان واحد ملک ہے جہاں تمام مذاہب کے ماننے والوں کو یکساں مواقع اور مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے اقلیتوں کی فلاح و بہبود کے لیے ترقیاتی اقدامات کے ساتھ ساتھ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان میں پہلا اقلیتی انڈومنٹ فنڈ قائم کیا گیا ہے بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام میں میٹرک تا پی ایچ ڈی اقلیتوں کے لیے خصوصی کوٹہ مقرر ہے صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ بلوچستان میں بین المذاہب ہم آہنگی اور سماجی یکجہتی کے فروغ کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں حکومت اقلیتوں کے تحفظ، فلاح اور ترقی کے لیے موثر حکمت عملی پر عمل پیرا ہے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 1

Dated: 06 APR 2026 Page No. 15

## بابر یوسفزئی کا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عوام دوست اقدام کو خراج تحسین

## ہیلپ لائن کے قیام کے اقدام کو سراہتے ہیں

کوئٹہ (اے این این) معاون برائے محکمہ داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی منصفانہ قیمتوں کو یقینی بنانے اور عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے ہیلپ لائن 1129 کے قیام کے اقدام کو سراہتے ہوئے اسے ایک بروقت اور عوام دوست فیصلہ قرار دیا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں صوبائی حکومت عوامی ریلیف کی فراہمی، گراں فروشی کے خاتمے اور شفاف طرز حکمرانی کے فروغ کے لیے سنجیدہ اور عملی اقدامات کر رہی ہے۔ ہیلپ لائن 1129 کا قیام اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ حکومت عوامی مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ بابر یوسفزئی نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں پر کڑی نگرانی اور شکایات کے فوری ازالے کا مؤثر نظام عوام کے اعتماد میں اضافے کا باعث بنے گا اور ناجائز منافع خوری میں ملوث عناصر کے خلاف ایک مضبوط پیغام دے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان کا ٹارگیٹڈ سبسڈی پروگرام مستحق طبقات کو براہ راست ریلیف فراہم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے، جس سے عام آدمی کی مشکلات میں کمی آئے گی۔ معاون برائے محکمہ داخلہ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ محکمہ داخلہ وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق عوامی مفاد کے تحفظ، قانون کی بالادستی اور شفافیت کے فروغ کے لیے بھرپور کردار ادا کرتا رہے گا۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسے اقدامات سے نہ صرف عوام کو ریلیف ملے گا بلکہ گڈ گورننس کے فروغ میں بھی نمایاں بہتری آئی ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 06 APR 2026 Page No. 16


## محکمہ اطلاعات میں تقرر و تبادلوں کا نوٹیفکیشن جاری

کوئٹہ (خ ن) حکومتِ بلوچستان کے محکمہ اطلاعات نے وزیر اعلیٰ کی منظوری سے تقرر و تبادلوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ حکم نامے کے مطابق ڈپٹی ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز مکران ڈویژن عبدالوہاب بلوچ کو تبادلہ کر کے قائم مقام ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز گوادر تعینات کر دیا گیا ہے۔ جبکہ نئے ترقی پانے والے اسسٹنٹ ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز آصف علی بلوچ کو ترقی دے کر ڈپٹی ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز کیچ تربت تعینات کیا گیا ہے۔ یہ احکامات فوری طور پر نافذ العمل ہوں گے۔

## نئے تعلیمی سیشن کے آغاز کے موقع پر جامع ٹریفک پلان

### اہم چوراہوں اور تعلیمی اداروں کے اطراف میں اضافی نفری تعینات کی جائیگی، عاصم شاہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ٹریفک پولیس نے نئے تعلیمی سیشن کے آغاز کے موقع پر جامع ٹریفک پلان ترتیب دے دیا۔ ایس ایس پی کی ہدایت پر ایس پی صدر سرکل سید عاصم شاہ کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈی ایس پی صدر سرکل شکیل الرحمن خلجی سمیت دیگر افسران و اہلکاروں نے شرکت کی۔ اجلاس میں اسکول اوقات کے دوران ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانے کے لیے مختلف عملی اقدامات پر غور کیا گیا اور اہم فیصلے کیے گئے۔ اس موقع پر ایس پی صدر سرکل سید عاصم شاہ نے بتایا کہ پلان کے تحت سرکل کے اہم چوراہوں اور تعلیمی اداروں کے اطراف اضافی نفری تعینات کی جائے گی، جبکہ ٹریفک کے دباؤ کو کم کرنے کے لیے متبادل راستوں کا استعمال یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ غیر قانونی پارکنگ کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جبکہ اسکول انتظامیہ کے ساتھ قریبی رابطہ رکھا جائے گا تاکہ طلبہ کے پک اینڈ ڈراپ نظام کو مزید محفوظ اور موثر بنایا جا سکے۔ ایس پی صدر سرکل کا کہنا تھا کہ ٹریفک پلان کی کامیابی شہریوں کے تعاون سے ہی ممکن ہے، ٹریفک کی بہتری کیلئے مشترکہ کاوشیں ناگزیر ہیں لہٰذا والدین اور ڈرائیور حضرات ٹریفک قوانین کی مکمل پاسداری کریں۔

## گوادر پورٹ پر تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ، ملائیشیا کا ایک اور کارگو جہاز لنگر انداز

گوادر (این این آئی) گوادر پورٹ پر تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ جاری ہے، ملائیشیا سے آنے والی ایک اور کارگو جہاز ایم وی ریوا گلوری (MV Riva Glory) مجموعی طور پر 14,629 میٹرک ٹن ٹرانسشپمنٹ کارگو لے کر بندرگاہ پر لنگر انداز ہوا ہے۔ گوادر پورٹ ترجمان کے مطابق جہاز کے ذریعے مختلف اقسام کا تجارتی سامان گوادر پورٹ پہنچایا گیا۔ چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گوادر پورٹ پر کارگو جہازوں کی مسلسل آمد اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ بندرگاہ بتدریج علاقائی تجارت کا اہم مرکز بنتی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پورٹ پر جدید سہولیات، بہترین آپریشنز اور بہتر لاجسٹک نظام کے باعث بین الاقوامی تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔

## بلوچستان بھر میں غیر رجسٹرڈ اور غیر ٹرانسفر شدہ موٹر سائیکلوں گاڑیوں کیخلاف کارروائی کا فیصلہ

کوئٹہ۔ (اسٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل ایکسائز بلوچستان کی ہدایت پر صوبہ بھر میں غیر رجسٹرڈ اور غیر ٹرانسفر شدہ موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں کے خلاف کارروائی کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ وہ تمام شہری جن کی گاڑیاں اوپن ٹرانسفر لیٹر پر چل رہی ہیں یا تاحال اپنے نام منتقل نہیں کرائی گئیں، فوری طور پر محکمہ ایکسائز میں رجوع کریں۔ ڈی جی ایکسائز نے کہا کہ موجودہ سسٹم کو شفاف بنانے اور غیر قانونی استعمال کی روک تھام کے لیے حکومت کی جانب سے فیول پاس کے اجرا کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے، جو صرف اصل مالک کے شناختی کارڈ کی بنیاد پر جاری کیا جائے گا۔ اس اقدام کا مقصد پیٹرول کی غیر قانونی خرید و فروخت اور جرائم کے سدباب کو یقینی بنانا ہے انہوں نے کہا کہ ضلع بھر میں ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے عملے کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں کہ وہ اس حوالے سے آگاہی مہم بھی چلائیں اور شہریوں کو مکمل رہنمائی فراہم کریں تاکہ وہ بروقت اپنی گاڑیوں کی رجسٹریشن اور ٹرانسفر مکمل کر سکیں۔

## تربت: ڈاکٹر ڈیوٹی بروقت اور پابندی کیساتھ انجام دیں، ڈی سی

### غیر حاضری کی صورت میں سخت کارروائی عمل میں لائی جائیگی، یاسر اقبال دشتی

تربت (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت تربت ٹیچنگ ہسپتال میں اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈاکٹرز اور مختلف شعبہ جات کے سربراہان نے شرکت کیا اجلاس میں طبی سہولیات کی بہتری، ڈاکٹروں کی حاضری، ایمرجنسی سروسز اور ہسپتال کو درپیش مسائل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر یاسر اقبال دشتی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے تمام ڈاکٹروں کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ڈیوٹی بروقت اور پابندی کے ساتھ انجام دیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ایمرجنسی وارڈ میں 24 گھنٹے ڈاکٹرز کی موجودگی ہر صورت یقینی بنائی جائے تاکہ کسی بھی مریض کو شکایت کا موقع نہ ملے انہوں نے خبردار کیا کہ ایمرجنسی میں اگر کوئی ڈاکٹر غیر حاضر پایا گیا تو اس کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اجلاس میں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عبدالوحید بلیدی، پرنسپل مکران میڈیکل کالج ڈاکٹر افضل خالق، پی ایم اے کے صدر ڈاکٹر غنی بلوچ سمیت دیگر سینئر ڈاکٹرز اور شعبہ جات کے سربراہان بھی موجود تھے۔

## مارکیٹوں، شادی ہالز اور ریستورانوں کے اوقات کار میں تبدیلی کی ہدایات جاری

### ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ہدایات پر سختی سے عملدرآمد کرائیں گے، حمزہ شفقات

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے توانائی کے تحفظ اور عوام کو مہنگائی کے اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے اہم اقدامات پر عمل درآمد کا باضابطہ آغاز کر دیا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت گزشتہ روز ہونے والے اجلاس کے فیصلوں کی روشنی میں محکمہ داخلہ بلوچستان نے مارکیٹوں، شادی ہالوں اور ریستورانوں کے اوقات کار میں تبدیلی کی ہدایات جاری کر دی ہیں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ بلوچستان حمزہ شفقات کے مطابق مارکیٹیں اور شاپنگ سینٹرز رات 8 بجے تک بند کر دیے جائیں گے جبکہ دواخانے، تندور اور نانبائی اس پابندی سے مستثنیٰ ہیں شادی ہال، ضیافت ہال اور ہوٹلوں میں ہونے والی تمام تقریبات رات 10 بجے تک ختم ہوں گی اور ریسٹوران بھی رات 10:00 بجے بند کر دیے جائیں گے ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ان ہدایات پر سختی سے عملدرآمد کرائیں گے اور کسی بھی خلاف ورزی پر متعلقہ قوانین کے تحت کارروائی ہوگی محکمہ داخلہ بلوچستان نے تمام ڈویژنل کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز اور پولیس افسران کو بھی ہدایت کی ہے کہ وہ فوری طور پر ان احکامات پر عملدرآمد یقینی بنائیں اور متعلقہ افراد کو مطلع کریں حکومت بلوچستان نے عوام سے بھی درخواست کی ہے کہ وہ ان اقدامات میں حکومت سے تعاون کریں تاکہ توانائی کے بحران پر قابو پایا جا سکے اور عوام کو موثر ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: ...SHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated 06 APR 2026 Page No. 17

# کوئٹہ میں منی پٹرول پمپس کیخلاف کریک ڈاؤن 8 سیل 10 افراد گرفتار

## زائد نرخوں پر پٹرول فروخت کرنے اور شہریوں کے استعمال کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی

## ضلعی افسران کا شہر کے مختلف علاقوں میں منی پمپس کا معائنہ، خلاف ورزی پر سخت کارروائی جاری رہے گی، انتظامیہ

کوئٹہ (آن لائن) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے منی پٹرول پمپس کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سٹی محمد امیر حمزہ بلوچ نے اسپیشل مجسٹریٹ اعجاز حسین کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کیں۔ کارروائی کے دوران زائد نرخوں پر پٹرول فروخت کرنے والے 10 افراد کو گرفتار کر کے جیل منتقل کر دیا گیا، جبکہ 8 منی پٹرول پمپس کو سیل کر دیا گیا۔......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

ضلعی انتظامیہ کے مطابق شہریوں کے استعمال کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی، اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی جاری رہے گی۔

# شہر کی اہم شاہراہوں پر تجارتی سرگرمیوں پر پابندی عائد

## دکانوں کی تعمیر پر پابندی اور کوئی کاروباری سرگرمی نہیں ہوگی، نوٹیفکیشن

## فیصلہ عدالتی احکامات اور نئی تعمیر شدہ سڑکوں کی حفاظت کیلئے کیا، ایم سی کیو

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے جاری ایک نوٹیفکیشن کے مطابق بلوچستان ہائی کورٹ کے احکامات کی روشنی میں شہر کی اہم شاہراہوں پر تجارتی سرگرمیوں پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ ترجمان کے مطابق یہ اقدام آئینی درخواست نمبر 824/2016 میں عدالتِ عالیہ کے مورخہ 12 مارچ 2026 کے احکامات اور نئی تعمیر شدہ سڑکوں کے تحفظ سے متعلق ہدایات کے تسلسل میں اٹھایا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے تحت فوری طو......... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

ر پر ہر قسم کی تجارتی سرگرمیوں اور دکانوں کی تعمیر پر پابندی نافذ العمل ہو گی اور آئندہ احکامات تک برقرار رہے گی۔ اعلامیے میں واضح کیا گیا ہے کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے درج ذیل سڑکوں پر کسی بھی قسم کے کاروباری منصوبے، تعمیرات یا این او سی جاری نہیں کیا جائے گا جن میں اسپنی روڈ، کوئٹہ زرغون روڈ شامل ہے مزید برآں تمام متعلقہ محکموں اور انکروچمنٹ دستوں کو ہدایت جاری کی گئی ہے کہ وہ عدالتِ عالیہ کے احکامات پر سختی سے اور فوری عملدرآمد یقینی بنائیں۔ حکام کے مطابق یہ فیصلہ شہر کی نئی تعمیر شدہ سڑکوں کے تحفظ اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے ایک اہم اقدام ہے، جس سے شہری انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔

# ڈی سی کوئٹہ کی زیر صدارت سمارٹ لاک ڈاؤن کے حوالے سے اجلاس

## مارکیٹیں، دکانیں، اسٹورز رات 8، شادی ہالز اور ریسٹورنٹس 10 بجے بند ہوں گے، مہراللہ بادینی

## خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت شہر میں سمارٹ لاک ڈاؤن کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس میں شہر میں توانائی کے حالیہ بحران کے پیش نظر اہم فیصلے کیے گئے اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل)، تمام متعلقہ اسسٹنٹ کمشنرز، انجمن تاجران کے نمائندگان، موبائل ایسوسی ایشن، شادی ہال مالکان، ڈیپارٹمنٹل اسٹورز مالکان، ریسٹورنٹ مالکان اور دیگر متعلقہ افراد نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کوئٹہ شہر کی......... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

تمام مارکیٹیں، دکانیں اور ڈیپارٹمنٹل اسٹورز رات 8 بجے بند کیے جائیں گے، جبکہ شادی ہالز اور ریسٹورنٹس رات 10 بجے بند ہوں گے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ ان حکومتی فیصلوں پر ہر صورت عملدرآمد یقینی بنایا جائے تاکہ توانائی کے استعمال میں کمی لائی جا سکے اور موجودہ بحران پر قابو پایا جا سکے انہوں نے مزید کہا کہ خلاف ورزی کی صورت میں سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، لہٰذا تمام تاجر برادری اور متعلقہ افراد حکومتی احکامات کی مکمل پاسداری کریں انہوں نے کہا کہ شہر میں توانائی کے موثر استعمال اور نظم و ضبط کو برقرار رکھنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 06 APR 2026

Page No. 19

# عوام کی ترقی و خوشحالی کیلئے بلاتعطل جدوجہد جاری ہے، عوامی نیشنل پارٹی

## بارشوں سے متاثرہ علاقوں کے عوام تنہا نہیں بلکہ انکی بحالی کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائیں گے' انجینئر زمرک خان اچکزئی

## بارشوں کے دوران ڈی سی قلعہ عبداللہ سمیت متعلقہ ادارے الرٹ رہے اور بروقت پہنچ کر ریسکیو کارروائیوں میں حصہ لیا' مرکزی رہنماء

میرزئی اڈہ (نامہ نگار) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ عوام کی ترقی، خوشحالی اور بنیادی مسائل کے حل کیلئے ان کی جدوجہد بلاتعطل جاری ہے اور وہ ہر ممکن وسائل بروئے کار لاکر ضلع بھر میں ترقیاتی عمل کو تیز تر بنانے کیلئے کوشاں ہیں انہوں نے ضلع قلعہ عبداللہ میں حالیہ بارشوں کے نتیجے میں متاثرہ علاقوں کے حوالے سے کہا کہ جن علاقوں میں نقصانات.........

بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

ہوئے ہیں، وہاں کے عوام کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے گا اور ان کی بحالی کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے مشکل کی اس گھڑی میں عوام کے ساتھ کھڑے رہنا ہماری اولین ذمہ داری ہے انہوں نے ضلعی انتظامیہ، ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اطہر رشید اور ان کی پوری ٹیم کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ متعلقہ ادارے بارشوں کے موقع پر ہمہ وقت الرٹ رہے اور بروقت موقع پر پہنچ کر ریسکیو کارروائیوں میں بھرپور حصہ لیا۔ انہوں نے اس بات کو بھی سراہا کہ متاثرہ علاقوں میں فوری طور پر راشن اور دیگر ضروری امداد پہنچا کر لوگوں کی مدد کی گئی، جو قابل تحسین اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع قلعہ عبداللہ میں اس وقت متعدد اہم ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے، جن میں ڈی سی کمپلیکس، جوڈیشل کمپلیکس، جوار کالونی، پچاس بیڈڈ ہسپتال سمیت ڈپٹی کمشنر (ڈی سی) اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او) کے دفاتر اور رہائش گاہیں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان منصوبوں کی بروقت تکمیل سے نہ صرف سرکاری امور میں بہتری آئے گی بلکہ عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی بھی یقینی بنائی جاسکے گی۔ انجینئر زمرک خان اچکزئی کا کہنا تھا کہ ان ترقیاتی اسکیمات کی تکمیل سے ضلع قلعہ عبداللہ ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا اور علاقے میں روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوں گے

# پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ عوام دشمنی پر مبنی ہے، پشتونخوا نیپ

## حکمرانوں کی ناقص معاشی پالیسیوں اور غیر ذمہ دارانہ فیصلوں نے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا' نصراللہ زیرے' اللہ نور خان

## پارٹی مشکل کی گھڑی میں ساتھ کھڑی رہے گی' عوام و کارکنان احتجاجی تحریک کامیاب بنانے میں کردار ادا کریں' فقیر خوشحال کاسی

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے، صوبائی سینئر نائب صدر اللہ نور خان اور صوبائی سیکرٹری فقیر خوشحال کاسی نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں ملک بھر میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ ہوشربا اضافے کو عوام دشمن اقدام قرار دیتے ہوئے شدید مذمت کی ہے انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کی ناقص معاشی پالیسیوں اور غیر ذمہ دارانہ فیصلوں.........

بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

نے پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے، جبکہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ہر شعبہ زندگی کو براہ راست متاثر کرتا ہے اور اس کے نتیجے میں اشیائے ضروریہ کی قیمتیں بھی آسمان سے باتیں کرنے لگتی ہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ موجودہ حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام اور آئے روز پٹرول، ڈیزل اور دیگر اشیاء کی قیمتوں میں اضافے کے ذریعے عوام پر پٹرول بم گرایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس ظالمانہ مہنگائی کے خلاف آواز بلند کرنا وقت کی اہم ضرورت بن چکی ہے اور پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ہر سطح پر عوام کے حقوق کی حفاظت کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے پارٹی کے زیر اہتمام پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف شروع کی جانے والی احتجاجی تحریک کو کامیاب بنانے کے لئے تمام کارکنوں، عہدیداروں اور عوام سے اپیل کی کہ وہ بھرپور انداز میں جلسوں، جلوسوں اور مظاہروں میں شرکت کریں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 06 APR 2026

Page No. 20


# قبائلی تنازعات کا خاتمہ کئے بغیر پائیدار ترقی ممکن نہیں، نواب ثناء اللہ زہری

## صدیوں پرانی قبائلی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے تنازعات کا پرامن حل وقت کی اہم ضرورت ہے' سابق وزیر اعلیٰ

### بھائی چارے کے فروغ کے لیے اجتماعی اقدامات ناگزیر ہیں' خلق جھالاوان میں کھلی کچہری' سائلین نے مسائل سے آگاہ کیا

خضدار (نمائندہ انتخاب) خلق جھالاوان میں قبائلی تنازعات کے حل کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و سابق وزیراعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے قبائلی عمائدین اور مختلف وفود سے ملاقات کی اوران

بقیہ نمبر73 صفحہ 5 پر

کے سائل نے تفصیلات کے مطابق کھلی کچہری کے دوران قبائلی تنازعات

پیش کیے گئے، جنہیں سننے کے بعد نواب ثناء اللہ خان زہری نے موقع پر ہی متعدد مسائل کے فوری حل کے لیے احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر نواب ثناء اللہ خان زہری نے کہا کہ صدیوں پرانی قبائلی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے تنازعات کا پرامن حل وقت کی اہم ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ جھالاوان کے عوام کی خدمت ان کا مشن ہے اور سیاست آتی جاتی رہتی ہے، تاہم اپنے لوگوں کی عزت، وقار اور پگڑی کا تحفظ ان کی اولین ترجیح ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ قبائلی رنجشوں کے خاتمے کے بغیر علاقے میں پائیدار امن ممکن نہیں، اس لیے بھائی چارے کے فروغ کے لیے اجتماعی اقدامات ناگزیر ہیں سابق وزیر اعلیٰ نواب ثناء اللہ خان زہری نے کہا کہ قبائلی تنازعات اور رنجشوں کے باعث قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع ہو رہا ہے، جو بلوچستان کے لیے ناقابل تلافی نقصان ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جھالاوان میں امن، استحکام اور بھائی چارے کا نیا دور لایا جائے گا۔

# کوئٹہ پولیس شہریوں کے تحفظ میں ناکام ہوگئی' جمعیت پاکستان

### ٹیوب ویلز پر فائرنگ کا واقعہ ہو یا تھانے میں اسرار قلندرانی کی موت حکام سنجیدگی کا مظاہرہ کریں' مولانا عبدالمالک

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالمالک اور صوبائی رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن کھوسہ حاجی امین اللہ امین مولانا محمد اقبال عثمانی مولانا عبدالغنی ساسولی اور مولانا امان اللہ گرگناڑی نے بیان میں کوئٹہ میں ایک ہی دن متعدد ٹیوب ویلز پر فائرنگ اور اس کے نتیجے میں بے گناہ افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے کے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب ٹیوب ویلز مالکان کو پہلے ہی دھمکیاں ملتی رہی ہیں اس کے باوجود انتظامیہ اور پولیس کی جانب سے ان کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکامی سوالیہ نشان ہے، واقعے سے ثابت ہوتا ہے کہ کوئٹہ جیسے مرکزی شہر میں عوام کے

بقیہ نمبر7 صفحہ 5 پر

جائز اور قانونی روزگار بھی محفوظ نہیں رہے۔ شہر میں پولیس کے درجنوں ناکوں کا مقصد شاید شریف شہریوں کو تنگ کرنا اور افغان مہاجرین، ڈبل سواری اور موٹر سائیکل کے کاغذات کے نام پر لوگوں کو پکڑنے اور پھر مبینہ طور پر پیسے لے کر چھوڑ دینے کے کھیل کو جاری رکھنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیو سریاب تھانے کے لاک اپ میں قیدی اسرار قلندرانی کی موت کا مشکوک واقعہ بھی پولیس کی اہلیت اور پیشہ ورانہ مہارت کی کمزوری کو ظاہر کرتا ہے اگر پولیس تحویل کے اندر قیدی نے خودکشی کی تو بھی اس کی ذمہ داری متعلقہ تھانے کے عملے پر عائد ہوتی ہے، انہوں نے کہا کہ حالیہ دنوں شہر کے مختلف علاقوں میں موٹر سائیکل چھیننے اور مزاحمت پر بے گناہ شہریوں کو مارنے اور زخمی کرنے کے واقعات بھی تسلسل سے پیش آرہے ہیں محکمہ داخلہ، آئی جی پولیس، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کو محکمہ پولیس کی کارکردگی کا سنجیدگی سے نوٹس لینا چاہیے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 06 APR 2026 Page No. 21


# لسبیلہ، پسنی اور جھل مگسی سے 3 لاشیں برآمد، ایک کی شناخت ہوگئی

## پسنی سے ملنے والی نعش کی شناخت شے حق سکنہ بلیدہ کے نام سے ہوئی جسے گولیاں مار کر قتل کیا گیا تھا

**لسبیلہ سے ملنے والی گولیوں سے چھلنی نعش شناخت کیلئے ہسپتال منتقل، جھل مگسی سے بھی نعش برآمد ہوئی**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے مختلف علاقوں جھل مگسی، لسبیلہ اور پسنی سے 3 نامعلوم افراد کی گولیوں سے چھلنی نعشیں برآمد نعشوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز بلوچستان کے علاقے جھل مگسی کونزہ کے علاقے سے ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی جس کو فائرنگ کرکے قتل کیا گیا تھا اسی طرح لسبیلہ کے علاقے سے ایک نامعلوم شخص کی گولیوں سے چھلنی نعش برآمد ہوئی جبکہ ........ بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

پسنی، بانک چڑھائی کے مقام سے ایک شخص کی گولیوں سے چھلنی نعش ملی جس کی شناخت شے حق سکنہ بلیدہ کے نام سے کی گئی نعشیں ہسپتال منتقل کردی گئیں نعشیں ضروری کارروائی کے بعد شناخت کے لئے مردہ خانے میں رکھ دی گئی مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

# خانوزئی: موٹر وے پولیس کے کیمپ پر دہشتگردوں کا حملہ ناکام

**اہلکاروں کی بروقت جوابی کارروائی، دہشت گرد فرار، کوئی نقصان نہیں ہوا**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) خانوزئی کے علاقے میں موٹر وے پولیس کے کیمپ پر نامعلوم دہشت گردوں کے حملے کو ڈیوٹی پر موجود اہلکاروں نے بروقت جوابی کارروائی کرتے ........ بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

ہوئے ناکام بنادیا تاہم کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی پولیس کے مطابق گزشتہ روز خانوزئی این 50 سیکٹر قلعہ سیف اللہ بیٹ 1 موٹر وے پولیس کے کیمپ پر نامعلوم دہشت گردوں نے حملہ کردیا ڈیوٹی پر معمور پولیس اہلکاروں نے بھرپور جوابی کارروائی کی تاہم حملے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا اور دہشت گرد فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ ترجمان موٹر وے پولیس کے مطابق واقعہ کی اطلاع ملنے پر پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کی بھاری نفری موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لیکر کارروائی شروع کردی۔

# ڈی ایم جمالی: مسلح افراد نے گندم کٹائی کرنے والی مشین کو بارودی مواد سے اڑادیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب گندم کی کٹائی کرنے والی مشین کو بارودی مواد سے اڑادیا۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب ربی چھتر پولیس تھانے کی حدود گزشتہ شب پنجاب سے گندم کٹائی چوئی پٹ مشین اور ٹریکٹر کو نامعلوم مسلح افراد نے مبینہ طور پر دھماکہ خیز مواد کے دھماکہ کردیا جس سے کروڑوں روپے مالیت کی مشینری جل کر تباہ ہوگئی واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی اور تحقیقات شروع کردی گئی جبکہ متاثرین نے پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے میں ملوث ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لاکھڑا کردیا جائے

# چمن: نامعلوم افراد کی فائرنگ 1 شخص قتل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چمن کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز چمن کے علاقے روغانی روڈ پر نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا نعش ہسپتال منتقل کردی گئی جس کی شناخت عنایت کے نام سے ہوئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 06 APR 2026 Page No. 22


## بجلی کی عدم فراہمی، مکینوں کا احتجاج، ساکران روڈ بند، ٹریفک معطل

### بھاری بھرکم بل ادا کرنے کے باوجود بجلی کی سہولت سے محروم ہیں، نوٹس لیا جائے، مظاہرین

حب (آن لائن) مری چوک ساکران روڈ لیبر کالونی کے رہائشیوں نے بجلی کی عدم فراہمی کے خلاف احتجاجاً ساکران جانے والی سڑک روڈ بلاک کردی مظاہرین نے کے الیکٹرک کے خلاف سخت نعرے بازی کی مظاہرین کا کہنا تھا لیبر کالونی ٹیکسی ٹاؤن اور ملحقہ علاقوں گزشتہ 15 گھنٹوں سے بجلی کی فراہمی بند ہے اور کے الیکٹرک کا عملہ بجلی کو بحال کرنے میں ناکام ہے مکینوں کا کہنا تھا علاقے عوام بجلی بھاری بھرکم بل ادا کررہے ہیں اور کے الیکٹرک .......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کو بجلی کی فراہمی کیلئے سنجیدہ ہے ان کا مزید کہنا تھا کے الیکٹرک کے عملے کو عوام کی مشکلات اور تکالیف کا احساس نہیں ہے علاقے مجبور ہو کر سڑکوں پر نکل کر احتجاج کررہے ہیں انہوں نے کہا کہ اگر کے الیکٹرک نے اپنا رویہ نہ بدلا تو مزید سخت احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

INTEKHAB QUETTA

## کوئٹہ، اسٹیورٹ روڈ بلوچ کالونی میں صفائی کی ناگفتہ بہ صورتحال

### عملہ صفائی کئی کئی روز تک غائب، سیوریج سسٹم متاثر، متعلقہ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

کوئٹہ (پ ر) اسٹیورٹ روڈ بلوچ کالونی و ملحقہ گلیوں میں صفائی کی ناگفتہ بہ صورتحال جا بجا کوڑا کرکٹ کے ڈھیر لگ گئے اہل علاقہ محسن خان ایڈووکیٹ، ملک عرفان علی، حافظ فیضان اور سفیان خان نے بتایا کہ پرائیوٹ پبلک پارٹنرشپ سے قبل عملہ صفائی روزانہ کی بنیاد پر گلیوں کی صفائی کرتا تھا لیکن عملہ صفائی مین روڈ پر صفائی کرکے چلا جاتا ہے جبکہ ملحقہ گلیاں بلوچ کالونی و دیگر میں کئی کئی روز عملہ صفائی غائب رہتا ہے جس کے باعث گندگی کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں سیوریج سسٹم درہم برہم ہونے سے گندگی گلیوں میں پڑی رہتی ہے جس سے تعفن پھیل رہا ہے انہوں نے ایڈمنسٹریٹر سے اپیل کی کہ اسٹیورٹ روڈ بلوچ کالونی میں روزانہ کی بنیاد پر صفائی کے احکامات جاری کیے جائیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 06 APR 2026 Page No. 23

## بلوچستان قدرتی وسائل کی دولت سے مالا مال صوبہ ہے

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے اپنی مسلسل کاوشوں کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے کے عوام کی فلاح و بہبود اور پائیدار ترقی ان کی اولین ترجیح ہے۔صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں اپنے اعزاز میں دیئے گئے استقبالیہ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے اورانہیں بہتر مواقع فراہم کرنے کیلئے خصوصی اقدامات کر رہی ہے حکومت اور ریاستی ادارے ملکر بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے پرعزم ہے اس مقصد کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں انہوں نے کہا صوبے کی ترقی، نوجوانوں کے روشن مستقبل اور قومی یک جہتی کے فروغ کیلئے اپنی کوشش جاری رکھیں گے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی قیادت میں حکومت بلوچستان کی ترقی، خوشحالی اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے وزیراعظم کے وژن کے مطابق ان منصوبوں پر تیزی سے عمل درآمد جاری ہے جس کے مثبت اثرات جلد سامنے آئیں گے۔

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کا مذکورہ بیان قابل تعریف اس صورت میں ہو سکتا ہے کہ وفاق بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے جاری کاوشوں کو عملی جامہ پہنایا جائے کیونکہ صوبے کی یہ بدقسمتی ہے کہ وفاق میں آنے والی ہر حکومت اس کی ترقی اس کے عوام کو مسائل کے حل کرنے کے وعدے کرتی آرہی ہے لیکن اس کے باوجود رقبے کے لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا صوبہ اور اس کے عوام اب بھی مسائل سے دو چار ہیں۔یہاں کے نوجوانوں کی ایک بہت بڑی تعداد بوروزگار ہے حالانکہ ان میں اکثر اعلیٰ تعلیم یافتہ بھی ہیں حالانکہ بلوچستان قدرتی وسائل کی دولت سے مالا مال صوبہ ہے یہاں کے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع امکانات موجود ہیں۔اس لیے یہاں سرمایہ کاری کی اشد ضرورت ہے جس میں پرائیویٹ سیکٹر میں صنعتیں اور کارخانے قائم کئے جائیں کیونکہ ان کے نہ ہونے کے باعث نوجوانوں کی نوکریوں کا دارومدار صرف سرکاری ملازمتوں پر ہے جو کم ہونے کے باعث ان کو نہیں مل پا رہیں۔

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کو اپنے مذکورہ بیان کو اس ضمن میں اقدامات کرنے چاہئیں کیونکہ انہوں نے اپنے بیان میں بلوچستان کے مسائل کے خاتمے اور نوجوانوں کے روشن مستقبل اور قومی یک جہتی کو فروغ دینے کیلئے اپنی کوششوں کو جاری رکھنے کی بات کر کے صوبے کے نوجوانوں کے دل جیت لیے ہیں۔

امید ہے کہ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر جن کا تعلق بلوچستان سے ہے اس سلسلے میں اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے صوبے اور اس کی عوام خصوصاً نوجوانوں کے بہترین مفاد میں کام اور صوبے کے مسائل کے حل کیلئے سنجیدہ کردار ادا کرینگے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 6 Dated: 06 APR 2026 Page No. 24


## بلوچستان میں ریلیف اقدامات

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بارشوں سے متاثرہ علاقوں کے بعد حکومت ریلیف اقدامات کر رہی ہے جن کے تحت 15 ہزار روپے فی ایکڑ کسانوں کو دینے کے ساتھ عام آدمی کے لئے گرین بس سروس جاری کر رہے ہیں۔ عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں بے پناہ اضافے کے بعد وفاق اور صوبائی حکومتیں ریلیف کے لئے مختلف اقدامات کے اعلانات کر رہی ہیں۔ پنجاب حکومت نے طلباء اور بسوں میں مفت سفر کے ساتھ کسانوں کو فی ایکڑ امدادی دینے کا اعلان کیا ہے۔ یہ حقیقت قابل ذکر ہے اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ عوام کو ہر ممکن ریلیف فراہم کرنا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے مگر یہ بھی حقیقت ہے کہ حکومتیں ریلیف کسی ایک منظم اور دیرپا اقدامات کے ذریعے فراہم کرتی ہے عارضی نوعیت کے اقدامات اکثر ناکام ہو جاتے ہیں یا مستحق افراد تک نہیں پہنچ پاتے۔ اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ حکومت کے لئے سرکاری ٹرانسپورٹ میں مفت سفری سہولت فراہم کرنا طویل مدت تک ممکن نہ ہوگا کیونکہ حکومت کو تو اس ٹرانسپورٹ اور تیل کے اخراجات کے ساتھ گاڑیوں کی مرمت سمیت اضافی بوجھ بھی برداشت کرنا پڑے گا اسی طرح کسانوں کو فراہم کی جانے والی امداد میں بھی شفافیت اور تمام مستحق افراد کو ریلیف پہنچانا ایک چیلنج ہوگا کرپشن کے امکانات بھی موجود ہوں گے۔ بہتر ہوگا حکومت مالی حالات کے مطابق طویل المدت پالیسی پر غور کرے اور مفت سفری سہولت کے بجائے کرائے اور تیل کی قیمت میں ہر ممکن کمی کی جائے تاکہ عوام کو مستقل بنیادوں پر ریلیف مل سکے۔

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No 6

Dated 06 APR 2026 Page No 25

# ”تحفظ اور جذبہ ایثار“ ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کا شعار

افکارِ زاہدی

نسیم الحق زاہدی

naseemulhaq.ounz@gmail.com



بلوچستان میں ملک دشمن عناصر کی جانب سے امن و امان کی صورتحال کو سبوتاژ کرنے کی کوششوں کے باوجود اس صوبے نے ترقی اور امن کی جانب اپنا سفر جاری رکھا ہوا ہے۔ اس دوران ترقی کے کئی منصوبے پایہ تکمیل تک پہنچ چکے ہیں جبکہ متعدد منصوبے تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں۔ بلوچستان کی خوشحالی کے لیے جہاں حکومت بلوچستان بھرپور کاوشیں کر رہی ہے، وہیں جنوبی بلوچستان میں ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کا کردار نہایت اہم اور نمایاں حیثیت کا حامل ہے۔ جنوبی بلوچستان اپنے سنگلاخ پہاڑوں، وسیع و عریض صحراؤں اور دشوار گزار راستوں کے باعث نہ صرف ایک منفرد جغرافیائی حیثیت رکھتا ہے بلکہ قومی اہمیت کے حامل منصوبوں کی موجودگی کے باعث مختلف چیلنجز کا سامنا بھی ہے۔ دشمن کی نظریں ہمیشہ جنوبی بلوچستان پر مرکوز رہتی ہیں، ایسے میں اس خطے کی حفاظت اور یہاں کے عوام کا تحفظ ایک مسلسل ذمہ داری اور ہمہ وقت جاری رہنے والا مشن بن جاتا ہے۔

ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے زندگی کے ہر شعبے میں قابل ستائش خدمات سرانجام دی ہیں۔ ان خدمات میں سرحدوں کی حفاظت، امن وامان کا قیام، تعلیم کی ترویج، صاف پانی کی فراہمی، صحت کی سہولیات کی بہتری اور قدرتی آفات کے دوران امدادی سرگرمیاں شامل ہیں۔ گزشتہ چند ہفتوں کی سرگرمیوں کا مختصر ذکر اس حقیقت کی عکاسی کرتا ہے کہ ایف سی (ساؤتھ) اپنی ذمہ داریوں کو کس قدر احسن انداز میں نبھا رہی ہے۔ تربت میں حالیہ موسلا دھار بارشوں نے جب نظام زندگی کو مفلوج کر دیا تو ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کے جوان بلا تاخیر میدان عمل میں اتر آئے۔ دشوار گزار راستوں اور خطرناک حالات کے باوجود ریسکیو آپریشنز، امدادی سرگرمیوں اور متاثرہ خاندانوں تک فوری مدد کی فراہمی نے یہ ثابت کر دیا کہ یہ فورس محض ایک سیکیورٹی ادارہ نہیں بلکہ خدمت انسانیت کا عملی مظہر ہے، جو ہر مشکل گھڑی میں عوام کے شانہ بشانہ کھڑی ہوتی ہے۔ ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) بلوچ نوجوانوں کی تعلیم، تربیت اور تفریح پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ شاعر مشرق علامہ اقبالؒ کے اس فرمان (”عقابی روح جب بیدار ہوتی ہے جوانوں میں، نظر آتی ہے ان کو اپنی منزل آسمانوں میں“) کے مطابق نوجوانوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے مختلف اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اسی ویژن کے تحت دشت اسکاؤٹس نے یونیورسٹی آف تربت کے طلباء کے لیے میرانی ڈیم کا معلوماتی و تربیتی دورہ منعقد کیا، جس میں نوجوانوں کو آبی وسائل کی اہمیت، ڈیم کے نظام اور علاقائی ترقی میں اس کے کردار سے روشناس کرایا گیا۔ طلباء نے نہ صرف ڈیم کے مختلف حصوں کا مشاہدہ کیا بلکہ یہ بھی سیکھا کہ پانی جیسے قیمتی وسائل کی موثر منصوبہ بندی کس طرح ایک پورے خطے کی تقدیر بدل سکتی ہے۔ ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی جانب سے (ہو میرا کام غریبوں کی حمایت کرنا، دردمندوں سے ضعیفوں سے محبت کرنا) کے عملی مظاہرے کے طور پر مختلف علاقوں میں جرگوں اور کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا گیا۔ جن میں ضلعی انتظامیہ، علاقائی عمائدین، سیاسی و سماجی شخصیات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ ان اکٹھ میں علاقائی سیکیورٹی، مقامی مسائل، تعلیم، صحت اور ترقیاتی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور مسائل کے حل کے لیے ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے یقین دہانی کرائی گئی۔ یہ جرگے ریاستی اداروں اور عوام کے درمیان اعتماد کی مضبوط علامت بن کر سامنے آئے۔ صحت کے شعبے میں بھی نمایاں اقدامات کیے گئے۔ بلیدہ میں پرواز فاؤنڈیشن کے تعاون سے میڈیکل اینڈ ڈینٹل سنٹر کا قیام عمل میں لایا گیا، جو مقامی آبادی کے لیے ایک بڑی سہولت ہے۔ اس سنٹر میں او پی ڈی، ڈینٹل یونٹ، لیبارٹری اور دیگر بنیادی طبی سہولیات دستیاب ہیں، جبکہ پیچیدہ امراض کے مریضوں کو تشخیص کے بعد ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال تربت منتقل کرنے کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے۔ اس اقدام نے نہ صرف صحت کے شعبے میں ایک اہم خلا کو پر کیا بلکہ عوام کے لیے علاج تک رسائی کو بھی آسان بنا دیا ہے۔ (ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے، آتے ہیں جو کام دوسروں کے) کی عملی تصویر پیش کرتے ہوئے مکران اسکاؤٹس نے تربت شہر میں اپنی مدد آپ کے تحت ایک گرنے کے قریب خطرناک برقی کھمبے کے گرد حفاظتی دیوار تعمیر کی، جو کسی بھی وقت حادثے کا سبب بن سکتا تھا۔ یہ اقدام اپنی نوعیت میں نہایت اہم تھا، جس نے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا اور ایف سی کی عوامی خدمات کو مزید نمایاں کیا۔ حکومت پاکستان کے ”منشیات سے پاک پاکستان“ ویژن کے تحت انسداد منشیات کے محاذ پر بھی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی موثر کارروائیاں جاری ہیں۔ حالیہ دنوں میں آواران ملیشیاء نے انٹیلی جنس بنیادوں پر ہلنگر کے علاقے میں ایک بڑی کارروائی کرتے ہوئے ایک مشکوک زمیاد گاڑی کو ناکہ بندی کے دوران روکا۔ تفصیلی تلاشی کے دوران 138 کلوگرام آئس، 29 کلوگرام ہیروئن اور 11 کلوگرام افیون برآمد کی گئی، جس کی مجموعی مالیت تقریباً 17 کروڑ 43 لاکھ روپے بتائی جاتی ہے۔ برآمد شدہ منشیات کو تحویل میں لے کر گاڑی میں موجود ایک مرد، ایک خاتون اور تین بچوں کو، جو خود کو فیملی ظاہر کر رہے تھے، موقع پر گرفتار کر لیا گیا۔ بعد ازاں گرفتار ملزمان اور ضبط شدہ منشیات کو مزید قانونی کارروائی کے لیے اینٹی نارکوٹکس فورس (ANF) کے حوالے کر دیا گیا۔ واضح رہے کہ جنوبی بلوچستان کو منشیات سے پاک بنانے کے عزم کے تحت زیرو ٹالرنس پالیسی کے مطابق ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) منظم منشیات کے نیٹ ورکس کے خاتمے کے لیے مسلسل اور موثر اقدامات کر رہی ہے۔ ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کا یہ جذبہ اور عزم عوام کے دلوں میں اعتماد پیدا کرتا ہے اور یہ حقیقت واضح کرتا ہے کہ ”تحفظ اور جذبہ ایثار“ محض ایک نعرہ نہیں بلکہ ایک عملی حقیقت ہے، جو ہر قدم پر بلوچ عوام کی خدمت اور مدد میں نظر آتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جنوبی بلوچستان میں ایف سی ہر مشکل گھڑی میں عوام کا سہارا بن کر اپنی پہچان قائم کیے ہوئے ہے اور علاقے میں امن، استحکام اور ترقی کی راہیں ہموار کر رہی ہے۔ خراج عقیدت کے ان اشعار کے ساتھ اجازت:

جنوبی بلوچستان کی سرحدوں کے نگہبان
ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کے دلیر جوان۔
دشمنوں کے سامنے سینہ سپر کھڑے ہیں
ان کے حوصلے سنگلاخ چٹانوں سے بڑے ہیں۔
ان کے دم سے جنوبی بلوچستان میں قائم ہے امن
یہ غیور، بہادر عوام کی عزتوں کے ضامن ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Baakhabar Quetta

Bullet No 6

Dated: 06 APR 2026 Page No: 26

# وزیراعلیٰ بلوچستان کی کفایت شعاری مہم: عوامی ریلیف کا ایک قابلِ تحسین اقدام

تحریر: عدیل احمد، انفارمیشن آفیسر

بلوچستان کے وزیراعلیٰ کی جانب سے شروع کی گئی کفایت شعاری مہم کے تحت پبلک ٹرانسپورٹ کو مفت قرار دینا ایک نہایت بروقت، عوام دوست اور قابلِ ستائش اقدام ہے۔ موجودہ مہنگائی اور معاشی دباؤ کے دور میں عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے، اور یہ فیصلہ اسی سمت میں ایک مثبت پیش رفت ہے۔ پبلک ٹرانسپورٹ کی مفت فراہمی سے نہ صرف یومیہ سفر کرنے والے شہریوں کو مالی سہولت میسر آئے گی بلکہ طلبہ، محنت کشوں اور کم آمدنی والے طبقات کو بھی نمایاں فائدہ پہنچے گا۔ یہ اقدام شہری زندگی کو آسان بنانے کے ساتھ ساتھ عوامی اعتماد کی بحالی میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔ مزید برآں، پٹرول کی قیمتوں کو ریگولیٹ کرنے اور ٹرانسپورٹ کے شعبے میں سہولیات فراہم کرنے کے اقدامات اس بات کی عکاسی کرتے ہیں کہ حکومت عوامی مشکلات سے بخوبی آگاہ ہے اور ان کے حل کے لیے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے۔ ایسے فیصلے نہ صرف معاشی دباؤ کو کم کرتے ہیں بلکہ عوام اور حکومت کے درمیان اعتماد کے رشتے کو بھی مضبوط بناتے ہیں۔ اس مشکل معاشی دور میں ایسے اقدامات یقیناً کسی نعمت سے کم نہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں کیے گئے یہ فیصلے عوامی فلاح و بہبود کی بہترین مثال ہیں، جنہیں نہ صرف سراہا جانا چاہیے بلکہ دیگر صوبوں کے لیے بھی ایک مثبت نمونہ قرار دیا جا سکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 6

Dated: 06 APR 2026 Page No. 27

# بلوچستان میں کفایت شعاری کا بیانیہ — فیصلوں سے عمل تک کی ناگزیر جدوجہد

بلوچستان اس وقت جس معاشی دباؤ، وسائل کی کمی اور سماجی ناہمواری کا سامنا کر رہا ہے، اس میں ہر پالیسی فیصلہ محض ایک اعلان نہیں بلکہ لاکھوں لوگوں کی روزمرہ زندگی پر براہِ راست اثر انداز ہوتا ہے۔

ایسے حساس ماحول میں وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی حالیہ پریس کانفرنس ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے، جس میں انہوں نے کفایت شعاری، توانائی بچت اور عوامی ریلیف کے لیے متعدد اقدامات کا اعلان کیا۔ یہ اقدامات بظاہر نہایت مثبت اور وقت کی ضرورت کے عین مطابق ہیں، مگر اصل سوال بدستور اپنی جگہ قائم ہے: کیا یہ فیصلے عملی شکل اختیار کر سکیں گے؟

وزیر اعلیٰ نے واضح الفاظ میں کہا کہ "بلوچستان کے محدود وسائل ہمیں مجبور کرتے ہیں کہ ہم ہر ممکن بچت کو یقینی بنائیں" اور یہ بھی کہ "مشکل فیصلے کیے بغیر ہم اپنے حالات کو بہتر نہیں بنا سکتے"۔ ان بیانات سے ایک سنجیدہ طرزِ حکمرانی کا عندیہ ملتا ہے، جو محض سیاسی نعرے بازی سے ہٹ کر عملی اقدامات کی طرف بڑھنے کی کوشش ہے۔

حالیہ اعلانات میں جہاں مارکیٹوں کو رات ساڑھے آٹھ بجے بند کرنے اور توانائی کے استعمال کو محدود کرنے جیسے فیصلے شامل ہیں، وہیں کچھ ایسے اقدامات بھی سامنے آئے ہیں جو براہِ راست حکومتی کفایت شعاری کی عکاسی کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر وزیر اعلیٰ ہاؤس میں چار سو مجوزہ بھرتیوں کو ملتوی کرنا ایک اہم قدم ہے۔ اس فیصلے سے نہ صرف سرکاری اخراجات میں کمی آئے گی بلکہ یہ ایک مضبوط پیغام بھی جائے گا کہ کفایت شعاری کا آغاز حکومت اپنے گھر سے کر رہی ہے۔

اسی طرح پبلک ٹرانسپورٹ کو متحرک کرنے کا فیصلہ بھی نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ بلوچستان جیسے وسیع و عریض صوبے میں جہاں نجی ٹرانسپورٹ مہنگی اور محدود ہے، وہاں سرکاری یا منظم پبلک ٹرانسپورٹ کا فعال ہونا نہ صرف عوام کے لیے آسانی پیدا کرے گا بلکہ ایندھن کے استعمال میں بھی کمی لائے گا، جو بالواسطہ طور پر توانائی بچت کے اہداف کو حاصل کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔

ایک اور نہایت اہم اور عوامی نوعیت کا فیصلہ ایرانی پٹرول کی قیمت کے حوالے سے سامنے آیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے اعلان کیا کہ ایرانی پٹرول 280 روپے فی لیٹر سے زائد قیمت پر فروخت نہیں ہوگا، اور اس سے زیادہ قیمت لینے والوں کے خلاف سخت



تحریر:- خلیل احمد

کارروائی کی جائے گی۔ اس کے ساتھ ہی ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اس فیصلے پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔ یہ فیصلہ بظاہر عوام کو فوری ریلیف دینے کی کوشش ہے، خاص طور پر ان علاقوں میں جہاں ایرانی پٹرول عام استعمال میں ہے۔

تاہم یہاں بھی وہی بنیادی سوال سامنے آتا ہے: عملدرآمد کیسے ہوگا؟ ماضی کا تجربہ بتاتا ہے کہ ایسے کئی فیصلے کیے گئے، مگر مؤثر نگرانی کے فقدان اور انتظامی کمزوریوں کی وجہ سے وہ اپنی روح کے مطابق نافذ نہ ہو سکے۔ اگر ایرانی پٹرول کی قیمت کو واقعی کنٹرول کرنا ہے تو اس کے لیے ایک مضبوط مانیٹرنگ سسٹم، شفاف کارروائی، اور بلا امتیاز احتساب ناگزیر ہوگا۔

مارکیٹوں کی جلد بندش کے فیصلے پر بھی سنجیدہ غور کی ضرورت ہے۔ تاجر برادری، جو معیشت کی ریڑھ کی ہڈی سمجھی جاتی ہے، اسے اعتماد میں لیے بغیر ایسے فیصلوں کا نفاذ مشکلات کو جنم دے سکتا ہے۔ شام کے اوقات میں کاروبار اپنے عروج پر ہوتا ہے، اور یہی وہ وقت ہے جب زیادہ تر دکاندار اپنی روزانہ کی آمدن حاصل کرتے ہیں۔ اگر اس پہلو کو نظر انداز کیا گیا تو نہ صرف کاروباری سرگرمیاں متاثر ہوں گی بلکہ اس کا براہِ راست اثر عام صارفین، خصوصاً سفید پوش طبقے پر بھی پڑے گا۔

یہ حقیقت بھی کسی سے پوشیدہ نہیں کہ بلوچستان میں غربت کی شرح پہلے ہی خطرناک حد تک بلند ہے۔ اگر کفایت شعاری کے اقدامات کو عوامی مشکلات کو مدنظر رکھے بغیر نافذ کیا گیا تو اس کے نتیجے میں مزید لوگ خطِ غربت سے نیچے جا سکتے ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ حکومت ایک متوازن پالیسی اپنائے — ایسی پالیسی جو بچت کے ساتھ ساتھ عوامی ریلیف کو بھی یقینی بنائے۔

وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کی جانب سے یہ عندیہ دینا کہ حکومت خود بھی سادگی اختیار کرے گی، ایک مثبت پیش رفت ہے، مگر اس پر سختی سے عملدرآمد ہی اس کی اصل کامیابی کا تعین کرے گا۔ سرکاری اخراجات میں کمی، غیر ضروری پروٹوکول کا خاتمہ، اور وسائل کے بہتر استعمال جیسے اقدامات اگر واقعی نافذ ہو جائیں تو یہ ایک مثال بن سکتے ہیں۔

اس سارے عمل میں میڈیا، سول سوسائٹی اور عوام کا کردار بھی کلیدی ہے۔ شعور بیدار کرنا، حکومت کی کارکردگی پر نظر رکھنا، اور مثبت تجاویز دینا ایک اجتماعی ذمہ داری ہے۔ اگر یہ تمام عناصر ایک صفحے پر آ جائیں تو کوئی وجہ نہیں کہ یہ اقدامات کامیاب نہ ہوں۔

بلوچستان کے موجودہ حالات اس بات کے متقاضی ہیں کہ ہر فیصلہ نہایت سوچ سمجھ کر اور زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جائے۔ وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کے حالیہ اقدامات یقیناً ایک مثبت سمت کی نشاندہی کرتے ہیں — چاہے وہ سی ایم ہاؤس کی بھرتیوں کی معطلی ہو، پبلک ٹرانسپورٹ کی بحالی، یا ایرانی پٹرول کی قیمت کا تعین۔ مگر ان تمام اقدامات کی اصل کامیابی اس وقت ممکن ہوگی جب انہیں سختی اور دیانتداری کے ساتھ نافذ کیا جائے گا۔ بصورت دیگر، یہ فیصلے بھی ماضی کے اعلانات کی طرح وقت کی گرد میں کھو جائیں گے — اور اس کا سب سے زیادہ نقصان ان لوگوں کو ہوگا جو پہلے ہی زندگی کی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔